# Maiyishuo

**30% FS**

**میشو** آلو کی فصل کو ابتدائی مرحلے میں لگنے والی بیماریوں، خاص طور پر رائزوکٹونیا (چتری) کے مؤثر کنٹرول کیلئے تیار کردہ جدید پھپھوندی کُش زہر ہے۔ **میشو** بیماریوں کا حفاظتی اور معالجاتی دونوں طریقوں سے کنٹرول کرتا ہے۔ **میشو** اپنے سرائیت پذیری کی بدولت بیج کے اندرونی اور بیرونی حصے تک مؤثر انداز میں پہنچتا ہے، جس سے آلو کی فصل صحتمند مضبوط اور ابتدائی بیماریوں سے محفوظ رہتی ہے۔

**استعمال کے لئے سفارشات:** (استعمال سے پہلے بوتل کو اچھی طرح ہلالیں)

| فصل | بیماری | مقدار |
|---|---|---|
| آلو | رائزوکٹونیا (بلیک سکرف) / چتری | 100-80 ملی لیٹر فی 100 کلوگرام بیج |

**طریقہ استعمال:** پلاسٹک شیٹ کو زمین پر بچھائیں اور آلو کے بیج کو شیٹ پر یکساں پھیلادیں۔ پھر **میشو** کی 30-25 ملی لیٹر مقدار کو 400 سے 500 ملی لیٹر پانی میں ملا کر حل کر لیں اور پھر تیار کردہ محلول سے بیج کو زہر آلودہ کریں۔ پھر پلاسٹک شیٹ کو دونوں سروں سے پکڑ کے اچھی طرح ہلالیں تاکہ **میشو** کا محلول آلو کے بیج کو اچھی طرح لگ جائے۔ جب **میشو** خشک ہو جائے تو کاشت کر لیں۔ اسی طریقے پر عمل کرتے ہوئے باقی ماندہ بیج پر **میشو** استعمال کریں۔

**نوٹ:** زہر لگے بیج کو بوائی کے علاوہ کسی اور مقصد کیلئے استعمال نہ کریں۔

**Registration No.: (Abroad) / DPP / 2025 (5873)**



Arysta LifeScience

**احتیاطی تدابیر:** زہر کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ کھانے پینے کی اشیاء، خوراک، چارے سے دور رکھیں۔ زہر کو اصل پیکنگ میں بند، ٹھنڈی، خشک اور ہوادار جگہ میں اسٹور کریں۔ زہر آلود بیج کو محفوظ جگہ پر بند کر کے بچوں، غیر متعلقہ افراد اور جانوروں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ زہر پاشی کے دوران کھانا، پینا اور تمبا کو نوشی ہرگز نہ کریں۔ زہر پاشی کرنے کے بعد اچھی طرح سے نہائیں اور اپنے کپڑے دوبارہ استعمال سے پہلے دھولیں، اتفاقاً زہر یا محلول کپڑوں پر یا جسم کے کسی حصے پر گر جائے تو فوراً آلودہ کپڑے تبدیل کر لیں۔ زہر نگلنے کی صورت میں نقصان دہ ہے۔ زہر کو آبپاشی کے ذرائع میں ضائع نہ ہونے دیں۔ زہر کی خالی بوتلوں کو ہرگز گھریلو استعمال میں نہ لائیں بلکہ انہیں توڑ کر آبپاشی اور پینے کے پانی کے ذرائع سے دور زمین میں دبا دیں۔ محلول بناتے وقت اور زہر پاشی کے وقت حفاظتی چیزوں مثلاً دستانے، ماسک، عینک اور حفاظتی کپڑے کا استعمال ضرور کریں۔

**ماحول اور جنگلی حیاتیات:** آبی ذخائر مثلاً دریاؤں، نہروں اور پانی کی گزرگاہوں کو زہر کی آلودگی سے بچائیں۔ جنگلی حیاتیات و مچھلیوں کی جائے افزائش اور گھریلو استعمال کے پانی کو زہر آلودہ نہ کریں۔ زہر آلود بیجوں کو پوری اور اچھی طرح سے زمین میں بجائی کی جائے اور انہیں مٹی سے ڈھانپ دیں۔ خراب بیجوں کو پرندوں یا جانوروں کے چارے کے طور پر ہرگز استعمال مت کریں۔

**اشتراک:** **میشو** کو الکلی کے آمیزے اور تانبے کے مراکبات کے علاوہ تمام کیڑے مار، جوں مار اور پھپھوندی کُش زہروں کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جا سکتا ہے البتہ مقامی حالات میں انکی طبعی آمیزش اور فصل پر اثرات و نتائج کا مشاہدہ کر لینا ضروری ہے۔

Arysta LifeScience

# میشو

30 فیصد ایف ایس

**Active Ingredients:**

| | |
|---|---|
| Azoxystrobin:............................ | 120 g/l (10% w/w) |
| Thifluzamide:........................... | 240 g/l (20% w/w) |
| Others:....................................... | 640 g/l (70% w/w) |

**انتباہ: یہ زہر ہے ! احتیاط سے استعمال کریں**

- بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں
- حادثے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں
- استعمال سے پہلے لیبل ضرور پڑھ لیں
- کوئی مخصوص تریاق نہیں
- ڈاکٹر کے زیر نگرانی علامات کے مطابق علاج کرائیں



زہر خطرہ

قدرے خطرناک

Mode of Action | GROUP 11 FUNGICIDE
GROUP 7 FUNGICIDE

پھپھوندی کُش زہر

بیج کو لگانے والا زہر (صرف زرعی استعمال کے لئے)

**360 ملی لیٹر**

Arysta LifeScience

**ابتدائی طبی امداد:** زہر نگلنے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں اور لیبل ضرور دکھائیں۔ آنکھ میں چلے جانے کی صورت میں آنکھ کو فوراً پانی سے 15 منٹ تک دھوئیں اور ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ جلد پر لگنے کی صورت میں پانی اور صابن سے دھوئیں۔

**گارنٹی:** اس زرعی زہر کا استعمال چونکہ کمپنی کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔ لہذا زہر کے معیاری ہونے اور لیبل پر درج شدہ مقدار کے علاوہ کسی اور قسم کی گارنٹی نہیں دی جا سکتی۔ زہر کو تاریخ تیاری کے بعد 2 سال تک استعمال کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ وارنٹی میں دی گئی شرائط کو مدنظر رکھا جائے۔

**Warranty:** Seller warrants that the product conforms to its chemical description and is reasonably fit for the purposes and for the period stated on the label, When used in accordance with directions under normal conditions of use, and stored in cool, dark and dry place, Which is suitably equipped, ventilated and soundly constructed with proper roofing & metaled floor and adequately protected against exposure to direct sunlight and heat, rain water seepage, salinity and is in good state of maintenance with original sealed, undamaged containers but neither this warranty nor any other warranty of merchantability of fitness for a particular purpose, expressed or implied, extends to the use or storage of this product contrary to label instruction, or under abnormal conditions not reasonably foreseeable to seller, and buyer assumes the risk of any such use or defective storage.

**Storage Stability:** Product will remain stable till the date of expiry shown on the label subject to the conditions notified in the warranty.

Manufactured & Formulated By:

**M/s. Laoting Yoloo Bio-Technology Co., Ltd.,**
No. A-3 Tianjin Road Laoting Economic Development Zone, Hebei Province, 063600, China

Packed By:

**Capricorn Associates**
Plot No. 561 Sector 7-A, Korangi Industrial Area, Karachi - 75350, Pakistan. Ph:021-35052692
**(Under the supervision of Arysta LifeSciences Pakistan)**

Importered & Distributed By:

**Arysta LifeScience Pakistan (Pvt.) Ltd.**
3rd floor, Building # 5/A, P.E.C.H.S, Block-6, Shahrah-e-Faisal, Karachi - 75350, Pakistan Tel: (+92-21) 34522611-3

Arystalifesciencepk    www.uplcorp.com/pk